© rasailojaraid.com



۳۴. البخاری، الجامع الصحیح،۲، ۶۳۷

۳۵. قرآن مجید، الانعام،۸۲

۳۶. ایضاً،لقمان:۱۳

۳۷. بطورمثال البخاری، الجامع الصحیح،۲، ۷۰۴،تفسیر ابن مسعود،۲، ۲۷۶.۲۷۵ جمع وتحقیق محمد احمد عیسوی شرکۃ الطباعۃ السعودیہ الریاض،۱۹۸۵ء،الطبعۃ الاولی،

۳۸. قرآن مجید، المائدہ:۳

۳۹. الخازن، علاؤالدین بن علی بن محمد، لباب التاویل فی معانی التاویل،۲، ۹۰، دارالفکر، القاہرۃ۱۹۷۹ء ۴ مجلات

۴۰. قرآن مجید، النصر

۴۱. البخاری، الجامع الصحیح،۲، ۷۴۳

الترمذی ، محمد بن عیسی ، السنن،۲، ۱۷۲، کتب خانہ رشیدیہ ، دہلی، (دو جلد)احمد ، ابن حنبل، المسند، ۱، ۳۳۷، المطبعۃ المیمنیہ القاہرۃ ۱۳۱۳ھ(۶جلد) ،تفسیرابن عباس"۲، ۹۹۶.۹۹۵،

۴۲. البغوہ، حسین بن مسعود، معالم التنزیل علی ہاش خازن، المجلد الثانی الجزوثالث ص:۳۲۰. ۳۲۱، دارالفکر القاہرۃ۱۹۷۹ء .۴ مجلات

ایضاً،محمد مالک، التحریر فی اصول التفسیر، ۱۰۸/۱۰۷، قرآن محل کراچی،۱۳۸۲ھ

۴۳. ابن تیمیہ، احمد، مجموع فتاوی شیخ الاسلام احمد بن تیمیہ،۱۳، ۳۳۱، ترتیب عبدالرحمن بن محمد الریاض سعودی عرب،۳۷ مجلد

۴۴. ایضاً

۴۵. ایضاً

۴۶. مناع القطان، مباحث فی علوم القرآن، ۳۴۸، مؤسسہ الرسالہ، بیروت،۱۹۸۳ء،الطبعتہ۱۲

۴۷. قرآن مجید، الکہف،۱۰۹

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۴۸. مجموع فتاوی،۱۳، ۳۳۰

۴۹. البغوی، حسین بن مسعود ،معالم التنزیل علی هامش الخازن،۱، ۱۳، دارالفکر، القاهرة،۱۹۷۹، ۴ مجلدات

۵۰. ابوموسی محمد بن ابی بکر ، المجموع المغیث فی غریبی القرآن والحدیث،۱، ۵ جامعه ام القری، مکة المکرمة۱۹۸۶ء الطبعة الاولی، معالم التنزیل،۱، ۱۳

۵۱. الطبری، جامع البیان،۱، ۳۷

۵۲. نفس المصور،

۵۳. قرآن مجید، عبس،۳۱

۵۴. معالم التنزیل،۱، ۱۳، ۱۴

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# قرآن پاک میں حکم نماز کی تعداد

تحریر: پروفیسر محمد اکرم مدنی گورنمنٹ کالج جہلم

اللہ تعالیٰ کا کروڑوں شکر کہ اس نے ہمیں اپنا پسندیدہ اور انتہائی واضح دین "اسلام" عطا فرمایا جس کا بنیادی ماخذ قرآن پاک اپنی اصلی صورت میں ہمارے پاس محفوظ ہے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ اتنے واضح دین کی ہر بات ہی بہت واضح ہوتی مگر بہت افسوس کہ ہم نے قرآن پاک کے حوالے سے ہی جو باتیں مشہور کیں وہ تحقیق سے دور اور محض سنی سنائی تھیں۔ مثلاً قرآن پاک کی آیات ۶۶۶۶ مشہور کر دیں جبکہ حقیقت میں وہ ۶۲۳۶ تھیں۔ مصحف عثمانی میں یہی تعداد تھی اور ہر جگہ اسی تعداد کے مطابق ہی آیات کا حوالہ دیا گیا۔ اسی طرح ہم علماء سے سنتے چلے آ رہے تھے کہ قرآن پاک میں نماز کا سات سو بار حکم ہے لیکن قرآن پاک کی تلاوت کے دوران مجھے بار بار یہ عدد غلط اور قیاسی معلوم ہوتا تھا آخر کار میں نے خود اس کی تحقیق کی اور رمضان المبارک کا آخری عشرہ اعتکاف اس کام کیلئے وقف رکھا۔ جو نتائج سامنے آئے انہیں مشہور عدد سے دور کا واسطہ بھی نہ تھا اس کی تفصیلات ابھی آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔

اس تحقیق کے بعد مجھے اپنے نبی پاک حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی یہ حدیث بار بار یاد آ رہی ہے کہ "انسان کے جھوٹا ہونے کے لئے یہی کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات کو آگے بیان کر دے" یہ سات سو کا عدد میں نے خود ان گنت بار اپنی تقریروں میں بیان کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ مجھے بھی اور دیگر حضرات کو بھی معاف فرمائے جو اس عدد کو بار بار دہراتے رہے ہیں اور دہراتے رہتے ہیں۔ اب میری آپ سب سے گذارش ہے کہ سات سو کے قیاسی عدد کی بجائے تحقیقی عدد مشہور کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

میرے اعداد و شمار کے مطابق مندرجہ ذیل نتائج بر آمد ہوئے ہیں:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# نتائج

| نمبر شمار | کوائف | تعداد | تفصیلات کیلئے |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | حکم صلوٰۃ | | |
| | الف۔ صلوٰۃ کا حکم عام (سب لوگ مخاطب ہیں) | ۱۱ | ملحقہ نمبر ۱ |
| | ب۔ صلوٰۃ کا حکم خاص (مخاطبین میں نبی پاک ﷺ' دیگر انبیاء' ازواج مطہرات اور بنی اسرائیل وغیرہ شامل ہیں) | ۱۰ | ملحقہ نمبر ۲ |
| | کل تعداد | ۲۱ | |
| ۲۔ | صلوٰۃ کا تذکرہ | | |
| | الف۔ نماز کے معنوں میں (جس میں صلی، مصلی، اور مصلین کے الفاظ شامل ہیں) ۱۰+ ۱۲+ ۶۲ | ۸۴ | ملحقہ نمبر ۱، ۲، ۳ |
| | ب۔ رحمت کے معنوں میں | ۴ | |
| | ج۔ دعاء کے معنوں میں | ۳ | ملحقہ نمبر ۴ |
| | د۔ عبادت گاہ کے معنوں میں | ۱ | |
| | لفظ صلوٰۃ کا کل استعمال | ۹۲ | |
| ۳۔ | لفظ مسجد کا استعمال برائے نماز | | سورۃ اعراف آیت ۳۱ ملحقہ نمبر ۵ |
| ۴۔ | ارکان نماز کا ذکر (رکوع، سجدہ، قیام، قرات، تسبیح وغیرہ) حکم : ۲۷ تذکرہ : ۱۷ | ۴۴ | ملحقہ نمبر ۵ |
| ۵۔ | عبادت، دعا، اور ذکر کرنے کا حکم (جس سے نماز مراد لی جا سکتی ہے) | ۳۱ | ملحقہ ۶ |
| | قرآن پاک میں نماز کا صریحاً اور اشارۃً حکم (۲۱ + ۲۷ + ۳۱) | ۷۹ | |
| | قرآن پاک میں نماز کا صریحاً اور اشارۃً کل تذکرہ | ۱۶۸ | |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صرف ان مقام کی فہرست جہاں لفظ الصلوٰۃ کا ذکر کر کے اسے قائم رکھنے کا عام حکم دیا گیا ہے۔

# صلوٰۃ کا حکمِ مطلق (ملحقہ نمبر ۱)

| نمبر شمار | نام سورہ | آیت نمبر | حکم |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | بقرہ | ۴۳ | اقیموالصلوٰۃ واتوالزکوٰۃ وارکعوا معا الرکعین (نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو۔) |
| ۲۔ | بقرہ | ۱۱۰ | واقیموا لصلوٰۃ واتوالزکوٰۃ (اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو) |
| ۳۔ | بقرہ | ۲۳۸ | حافظوا علی الصلوات والصلوٰۃ الوسطی (نمازوں کی حفاظت کرو خصوصاً نماز عصر کی) |
| ۴۔ | انعام | ۷۲ | وان اقیموالصلوٰۃ واتقوہ (اور یہ کہ نماز قائم کرو اور اللہ سے ڈرو) |
| ۵۔ | ابراہیم | ۳۱ | قل لعبادی الذین امنوا یقیموالصلوٰۃ وینفقوا مما رزقنھم سرا و علانیۃ (اے میرے محبوب میرے مومن بندوں کو فرما دو کہ وہ نماز قائم کریں اور ہمارے عطا کردہ رزق میں سے خرچ کریں چھپ کر بھی اور علانیہ بھی۔ |
| ۶۔ | حج | ۷۸ | فاقیموالصلوٰۃ واتوالزکوٰۃ واعتصموا باللہ (پس نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور اللہ کے دین کو مضبوطی سے تھامو۔) |
| ۷۔ | نور | ۵۶ | فاقیموالصلوٰۃ واتوالزکوٰۃ واطیعوالرسول لعلکم ترحمون (اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور رسول پاک کی فرمانبرداری کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔) |
| ۸۔ | روم | ۳۱ | منیبین الیہ واتقوہ واقیموالصلوٰۃ ولا تکونو من الشرکین (اللہ کی طرف رجوع کرنے والے ہو جاؤ اور اس سے ڈرو نماز قائم رکھو اور مشرکوں میں سے نہ ہو جاؤ۔) |
| ۹۔ | مجادلہ | ۱۳ | فاقیموالصلوٰۃ واتوالزکوٰۃ واطیعوا اللہ ورسولہ (پس نماز قائم کرو زکوٰۃ ادا کرو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔) |
| ۱۰۔ | جمعہ | ۹ | یایھا لذین امنوا اذا نودی للصلوٰۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الی ذکر اللہ وذرو البیع (اے ایمان والو جب جمعہ کے دن نماز کیلئے اذان ہوی |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑ کر جاؤ۔ اور خرید و فروخت چھوڑ دو۔)

۱۱۔ مزمل ۲۰ فاقیموا الصلوٰۃ واتوا الزکوٰۃ (اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔)

الصلوٰۃ کا حکم عام : ۱۱

الصلوٰۃ کا مذکورہ عدد : ۱۲

(سورۃ بقرہ کی آیت نمبر ۲۳۸ میں لفظ الصلوٰۃ دو دفعہ استعمال ہوا ہے۔)

نوٹ : ان مقامات کی فہرست جہاں لفظ صلوٰۃ کا ذکر کر کے اسے قائم رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ مگر یہ حکم مطلق نہیں ہے بلکہ اس کے مخاطبین نبی پاک ﷺ، دیگر انبیاء، ازواج مطہرات اور بنی اسرائیل وغیرہ ہیں۔

## ملحقہ نمبر ۲

۱۔ بقرہ ۸۳ اقیموا الصلوٰۃ واتوا الزکوٰۃ (نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو (مخاطب بنی اسرائیل ہیں)

۲۔ النساء ۱۰۲ واذا کنت فیھم فاقمت لھم الصلوٰۃ (اے نبی پاک جب آپ ان میں موجود ہوں تو آپ ہی جماعت کروائیں (صلوٰۃ خوف کا بیان)

۳۔ یونس ۸۷ واجعلوا بیوتکم قبلۃ واقیموا الصلوٰۃ (اے بنی اسرائیل) اپنے گھروں کو قبلہ رو بناؤ اور نماز قائم کرو۔)

۴۔ ھود ۱۱۴ واقم الصلوٰۃ طرفی النھار وزلفا من الیل۔ ان الحسنات یذھبن السیات (نماز قائم رکھیں دن کے کناروں پر اور رات کے حصے میں بے شک نیکیاں برائیوں کو زائل کر دیتی ہیں۔)

۵۔ بنی اسرائیل ۷۸ اقم الصلوٰۃ لدلوک الشمس الی غسق اللیل وقرآن الفجر ان قرآن الفجر کان مشھودا۔ (نماز قائم رکھیں سورج کے ڈھلنے سے لے کر رات کے اندھیرے تک۔ اور فجر کو قرآن پڑھیں۔ بے شک فجر کا قرآن مشہود ہوتا ہے۔)

۶۔ طہٰ ۱۴ اننی انا اللہ لا الہ الا انا فاعبدنی واقم الصلوٰۃ لذکری (میں اللہ ہوں کوئی عبادت کے لائق نہیں مگر میں پس میری عبادت کرو۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور میری یاد کیلئے نماز قائم کرو۔ (حضرت موسیٰؑ کو حکم)

۷۔ طٰہٰ ۱۳۲ وامر اھلک بالصلوٰۃ واصطبر علیھا (آپ اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دیں اور خود اس پر مداومت کریں۔)

۸۔ عنکبوت ۴۵ اتل مااوحی الیک من الکتاب واقم الصلوٰۃ (آپ کی طرف جو کتاب وحی فرمائی گئی ہے اس کی تلاوت کریں اور نماز قائم کریں۔)

۹۔ لقمان ۱۷ یبنی اقم الصلوٰۃ (اے میرے بیٹے نماز قائم رکھنا (حضرت لقمانؑ کی اپنے بیٹے کو وصیت)

۱۰۔ احزاب ۳۳ واقمن الصلوٰۃ واتین الزکوٰۃ واطعن اللہ ورسولہ (اے ازواج مطہرات) نماز کی پابندی کرو زکوٰۃ ادا کرو اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو۔)

الصلوٰۃ کا حکم مقید : ۱۰

الصلوٰۃ کا مذکورہ عدد : ۱۰

# ملحقہ نمبر ۳

نوٹ : ان مقامات کی فہرست جہاں الصلوٰۃ، صلیٰ، یا مصلین کا ذکر آیا ہے۔

۱۔ بقرہ ۳ یقیمون الصلوٰۃ (وہ نماز قائم کرتے ہیں)

۲۔ بقرہ ۴۵ واستعینوا بالصبر والصلوٰۃ (اور صبر اور نماز سے مدد چاہو)

۳۔ بقرہ ۱۲۵ واتخذوا من مقام ابراھیم مصلی (اور مقام ابراہیم کو جائے نماز بناؤ)

۴۔ بقرہ ۱۵۳ یایھا الذین امنوا استعینوا بالصبر والصلوٰۃ (اے ایمان والو! نماز اور صبر سے مدد چاہو)

۵۔ بقرہ ۱۷۷ واقام الصلوٰۃ واتی الزکوٰۃ (اور قائم رکھی نماز اور ادا کی زکوٰۃ)

۶۔ بقرہ ۲۷۷ ان الذین امنوا وعملوا الصلحٰت واقاموا الصلوٰۃ واتوا الزکوٰۃ لھم اجرھم عند ربھم (بے شک جو لوگ ایمان لائے اور اچھے عمل کیے نماز قائم کی زکوٰۃ ادا کی ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہے۔)

۷۔ النساء ۴۳ یا ایھا الذین امنوا لا تقربوا الصلوٰۃ وانتم سکریٰ حتی تعلموا ما تقولون (اے ایمان والو نماز کے قریب مت جاؤ اگر تم نشے میں ہو یہاں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تک کہ تم جانو کہ تم کیا کہہ رہے ہو۔)

۸۔ النساء ۷۷ الم تر الی الذین قیل لھم کفوا ایدیکم واقیموالصلوٰۃ واتوالزکوٰۃ (کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں یہ کہا گیا کہ وہ اپنے ہاتھ جنگ سے روکیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں۔)

۹۔ النساء ۱۰۱ واذاضربتم فی الارض فلیس علیکم جناح ان تقصروا من الصلوٰۃ (جب تم زمین میں سفر پر نکلو تو تم پر کوئی حرج نہیں کہ تم نماز قصر کرو۔)

۱۰۔ النساء ۱۰۳ فاذاقضیتم الصلوٰۃ فاذکروااللہ قیما وقعودا وعلی جنوبکم فاذااطماننتم فاقیموالصلوٰۃ ان الصلوٰۃ کانت علی المؤمنین کتابا موقوتاً (جب تم نماز ختم کرلو تو اللہ تعالیٰ کا ذکر کھڑے بیٹھے اور لیٹے کرو۔ جب اطمینان ہو جاؤ تو پھر نماز قائم کرو۔ بے شک نماز مومنوں پر وقت مقررہ پر فرض کی گئی ہے۔

۱۱۔ النساء ۱۴۲ واذا قامواالی الصلوٰۃ قاموا کسالی (اور جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے ہیں تو سستی سے کھڑے ہوتے ہیں۔ (منافقین کا حال)

۱۲۔ النساء ۱۶۲ والمقیمین الصلوٰۃ والمؤتون الزکوٰۃ (اہل کتاب میں سے ایماندار لوگ) نماز قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں)

۱۳۔ المائدہ ۶ یایھاالذین امنوا اذا قمتم الی الصلوٰۃ فاغسلوا وجوھکم وایدیکم الی المرافق وامسحوا بروٴسکم وارجلکم الی الکعبین (اے ایمان والو! جب تم نماز کیلئے کھڑے ہو تو اپنے چہرے اور کہنیوں تک ہاتھ دھولو اپنے سروں کا مسح کرلو اور ٹخنوں تک پاؤں دھولو (وضو کے فرائض کا بیان)

۱۴۔ المائدہ ۱۲ لئن اقمتم الصلوٰۃ واتیتم الزکوٰۃ وامنتم برسلی------ (اے بنی اسرائیل) اگر تم نماز قائم رکھو گے اور زکوٰۃ ادا کرو گے اور میرے رسولوں پر ایمان لاؤ گے)

۱۵۔ ایضاً ۵۵ انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین امنوا۔ الذین یقیمون الصلوٰۃ ویؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون (تمہارا دوست اللہ ہے اور اس کا رسول اور اہل ایمان ہیں جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور وہ رکوع کرتے ہیں۔)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۶۔ ایضاً ۵۸ فاذاناديتم الى الصلوٰة اتخذوها هزواً ولعباً (جب تم نماز کیلئے اذان دیتے ہو تو یہ اس کا مذاق اور کھیل بناتے ہیں)

۱۷۔ ایضاً ۹۱ ويصدكم عن ذكر الله وعن الصلوٰة (وہ تمہیں روکے اللہ کے ذکر سے اور نماز سے (شیطان کی خواہش)

۱۸۔ الانعام ۹۲ والذين يؤمنون به وهم على صلاتهم يحافظون (وہ لوگ جو آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہ قرآن پاک پر ایمان لاتے ہیں اور وہ اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں)

۱۹۔ ایضاً ۱۶۲ قل ان صلوتي ونسكي ومحياي ومماتي لله رب العالمين (آپ فرمائیں کہ میری نماز' میری قربانی' میری زندگی' میری موت سب اللہ کیلئے ہیں جو سب جہانوں کا رب ہے۔)

۲۰۔ الاعراف ۱۷۰ والذين يمسكون بالكتٰب واقاموالصلوٰة (وہ لوگ جو کتاب کو مضبوطی سے تھامتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں۔)

۲۱۔ الانفال ۳ الذين يقيمون الصلوٰة ومما رزقنهم ينفقون (جو نماز قائم رکھتے ہیں اور اپنے رزقوں میں سے خیرات کرتے ہیں۔)

۲۲۔ ایضاً ۳۵ وماكان صلاتهم عند البيت الا مكاء وتصديه (بیت اللہ شریف کے نزدیک ان کافروں کی نماز تو تالیاں اور سیٹیاں بجانا ہے (کفار کی مذمت کی گئی ہے۔)

۲۳۔ التوبہ ۵ فان تابوا واقاموالصلوٰة واتوالزكوٰةفخلوا سبيلهم (اگر یہ مشرکین توبہ کرلیں' نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں تو ان کی راہ چھوڑ دو۔) مطلب ہے کہ قتل نہ کرو۔

۲۴۔ ایضاً ۱۱ فان تابوا واقاموالصلوٰة واتوالزكوٰةفاخوانكم فى الدين (اگر وہ توبہ کرلیں نماز قائم کرلیں زکوٰۃ ادا کردیں تو تمہارے دینی بھائی ہیں)

۲۵۔ ایضاً ۱۸ انما يعمرمساجد الله من امن بالله واليوم الاخر واقام الصلوٰة واتى الزكوٰة ولم يخش الا الله (اللہ کی مسجدوں کو وہی آباد کرتا ہے جو اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان لایا ہے اور نماز قائم کرتا اور زکوٰۃ دیتا ہے اور اللہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا۔)

۲۶۔ ایضاً ۵۴ ولا یاتون الصلوٰۃ الا وھم کسالی (اور وہ نماز کی طرف سستی و کاہلی سے آتے ہیں (منافقین کا حال)

۲۷۔ ایضاً ۷۱ یامرون بالمعروف وینھون عن المنکر ویقیمون الصلوٰۃ ویؤتون الزکوٰۃ (وہ نیکیوں کا حکم دینے والے، برائیوں سے منع کرنے والے، نماز قائم رکھنے والے اور زکوٰۃ ادا کرنے والے ہیں (مومنوں کی نشانیاں)

۲۸۔ ایضاً ۸۴ ولا تصل علی احد منھم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ (اے میرے محبوب رسول) ان منافقوں میں سے کسی کی نماز جنازہ نہ پڑھیں اور نہ ہی اس کی قبر پر کھڑے ہوں۔)

۲۹۔ ھود ۸۷ یشعیب اصلوٰتک تامرک ان نترک ما یعبدآباؤنا (اے شعیب کیا آپ کی نماز آپ کو یہی حکم دیتی ہے کہ ہم ان معبودوں کو چھوڑ دیں جنہیں ہمارے آباؤ اجداد پوجتے رہے ہیں۔)

۳۰۔ الرعد ۲۲ واقاموالصلوٰۃ وانفقوا مما رزقنٰھم سرا وعلانیۃً (اور انہوں نے قائم رکھی نماز اور خرچ کیا ہمارے عطا فرمودہ رزقوں میں سے پوشیدہ بھی اور ظاہر بھی (عقلمند لوگوں کی نشانیوں میں مذکور ہے)

۳۱۔ ابراھیم ۳۷ ربنا انی اسکنت من ذریتی بواد غیرذی ذرع عند بیتک المحرم ربنا لیقیموالصلوٰۃ (اے ہمارے رب میں نے اپنی اولاد کو غیر کاشت شدہ زمین میں آباد کر دیا ہے۔ تیرے حرمت والے گھر کے نزدیک۔ اے ہمارے رب تاکہ یہ نماز قائم کریں (حضرت ابراہیمؑ کی دعا)

۳۲۔ بنی اسرائیل ۱۱۰ ولا تجھر بصلاتک ولا تخافت بھا وابتغ بین ذلک سبیلاً (نماز میں بہت اونچی آواز میں بھی تلاوت نہ کریں اور نہ ہی بہت آہستہ بلکہ اس کے درمیان والی راہ اختیار کریں۔)

۳۳۔ مریم ۳۱ واوصٰنی بالصلوٰۃ والزکوٰۃ مادمت حیا (مجھے میرے رب نے نماز کی تلقین فرمائی ہے اور زکوٰۃ کی ادائیگی کی جب تک میں زندہ رہوں گا (حضرت عیسیٰؑ کی گہوارے میں گفتگو)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۳۴۔ ایضاً ۵۵ وکان یامر اهله بالصلوٰة والزکوٰة وکان عند ربه مرضیا (حضرت اسماعیلؑ اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتے تھے اور وہ اپنے رب کے بڑے پسندیدہ تھے۔)

۳۵۔ ایضاً ۵۹ فخلف من بعد هم خلف اضاعوا الصلوٰة واتبعوا الشهوٰات فسوف یلقون غیا (ان کے بعد ایسے نالائق جانشین بنے جو نمازوں کو ضائع کرتے اور شہوات نفس کی پیروی کرتے تھے۔ یہ عنقریب دوزخ میں جائیں گے۔)

۳۶۔ الانبیاء ۷۳ واوحینا الیهم فعل الخیرات واقام الصلوٰة وایتاء الزکوٰة (اور ہم نے سب انبیاء کی طرف وحی فرمائی کہ وہ نیکیاں کریں نماز قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیں۔)

۳۷۔ الحج ۳۵ والمقیمی الصلوٰة ومما رزقنٰهم ینفقون (اور وہ نماز کو قائم رکھنے والے اور ہمارے عطا فرمودہ رزق میں سے خیرات کرنے والے ہیں۔)

۳۸۔ ایضاً ۴۱ الذین ان مکنٰهم فی الارض اقاموا الصلوٰة واتوا الزکوٰة وامروا بالمعروف ونهوا عن النکر (ان لوگوں کو اگر ہم زمین میں حکومت عطا کریں تو یہ نماز قائم کریں گے زکواۃ دیں گے نیکیوں کا حکم دیں گے اور برائیوں سے منع کریں گے۔ (اہل ایمان حکمرانوں کی صفات)

۳۹۔ المؤمنون ۲ الذین هم فی صلاتهم خاشعون (وہ اپنی نمازوں میں خشوع کرنے والے ہیں۔)

۴۰۔ ایضاً ۹ والذین هم علی صلاتهم یحافظون (وہ لوگ اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں)

۴۱۔ النور ۳۷ رجال لا تلهیهم تجارة ولا بیع عن ذکر الله واقام الصلوٰة (مسجدوں میں) ایسے مرد بھی ہیں جنہیں تجارت اور خرید و فروخت اللہ کے ذکر سے نہیں روک سکتی اور نہ ہی نماز قائم کرنے سے اور نہ ہی زکوٰۃ دینے سے)

۴۲۔ ایضاً ۴۱ کل قد علم صلاته وتسبیحه (ہر چیز نے اپنی نماز اور تسبیح سیکھ لی ہے۔)

۴۳۔ ایضاً ۵۸ من قبل صلوٰة الفجر وحین تضعون ثیابکم من الظهیرة ومن بعد صلوٰة العشاء (اذن لیا جائے نماز فجر سے قبل اور دوپہر کو جب تم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کپڑے اتاور اور نماز عشاء کے بعد (گھر میں بچوں اور غلاموں کے داخلے کیلئے تین اوقات استیذان)

۴۴۔ النمل ۳ الذین یقیمون الصلوٰۃ ویؤتون الزکوٰۃ وھم بالاخرۃ ھم یوقنون (وہ لوگ نماز قائم رکھتے ہیں' زکوٰۃ دیتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں)

۴۵۔ لقمان ۴ الذین یقیموالصلوٰۃ ویؤتون الزکوٰۃ وھم بالاخرۃ ھم یوقنون (وہ لوگ نماز قائم کرتے ہیں' زکوٰۃ دیتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں)

۴۶۔ فاطر ۱۸ انما تنذرالذین یخشون ربھم بالغیب واقاموالصلوٰۃ (آپ صرف ان لوگوں کو اللہ سے ڈرا سکتے ہیں جو اپنے رب سے بے دیکھے ڈرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں۔)

۴۷۔ ایضاً ۳۰ وان الذین یتلون کتاب اللہ واقاموا الصلوٰۃ وانفقوا مما رزقنٰھم سراو علانیۃً (بے شک وہ لوگ جو کتاب اللہ کی تلاوت کرتے ہیں نماز قائم رکھتے ہیں اور چھپے اور ظاہر ہمارے عطافرمودہ رزق میں سے خیرات کرتے ہیں۔)

۴۸۔ الشوریٰ ۳۸ والذین استجابوا لربھم واقاموالصلوٰۃ وامرھم شوریٰ بینھم ومما رزقنھم ینفقون (وہ لوگ جنہوں نے اپنے رب کی دعوت قبول کی اور نماز کو قائم رکھا ان کے باہمی امور مشورے سے طے پاتے ہیں اور ہمارے رزق میں سے خرچ کرتے ہیں۔)

۴۹۔ الجمعہ ۱۰ فاذاقضیت الصلوٰۃ فانتشروافی الارض وابتغوامن فضل اللہ (جب نماز جمعہ پڑھی جاچکے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو۔)

۵۰۔ المعارج ۲۲۔۲۳ الاالمصلین الذین ھم علی صلاتھم دائمون (مگر نمازی جو اپنی نمازوں پر مداومت کرتے ہیں۔)

۵۱۔ ایضاً ۳۴ والذین ھم علی صلاتھم یحافظون (وہ لوگ اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں)

۵۲۔ المدثر ۴۳ قالوا لم نک من المصلین (اہل دوزخ افسوس سے کہیں گے) ہم نمازیوں میں سے نہیں تھے۔)

۵۳۔ القیامۃ ۳۱ فلا صدق ولا صلی (نہ اس نے تصدیق کی اور نہ ہی نماز پڑھی)

۵۴۔ الاعلیٰ ۱۵ وذکر اسم ربہ فصلی (اپنے رب کے نام کا ذکر کیا پھر نماز پڑھی) (کامیاب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہونے والے آدمی کا حال)

۵۵۔ العلق ۹۔۱۰ ارئیت الذی ینھی عبدا اذا صلی (کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جو ہمارے بندے کو نماز ادا کرنے سے روکتا ہے۔)

۵۶۔ البینة ۵ حنفاء ویقیموالصلوٰة ویؤتوالزکوٰة وذٰلک دین القیمة (ہر باطل سے جدا ہیں۔ نماز قائم رکھتے ہیں اور زکوٰة دیتے ہیں یہی مضبوط دین ہے۔)

۵۷۔ الماعون ۵۔۴ فویل للمصلین الذین ھم عن صلاتھم ساھون (ہلاکت ہے ان نمازیوں کیلئے جو اپنی نمازوں کو بھولے ہوئے ہیں۔)

"الصلوٰة" کا مذکورہ عدد: (۶۲)

## لفظ "الصلوٰة" کا دیگر معانی میں استعمال (ملحقہ نمبر ۴)

| نمبر شمار | نام سورہ | آیت نمبر | آیت کریمہ | مفہوم |
|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | البقرہ | ۲۵۷ | اولئک علیھم صلوٰة من ربھم (یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ کی رحمتیں ہیں) | رحمت و درود |
| ۲۔ | الاحزاب | ۴۳ | ھوالذی یصلی علیکم وملائکته لیخرجکم من الظلمات الی النور (وہ اللہ اور اس کے فرشتے تم پر درود بھیجتے ہیں تاکہ تمہیں اندھیروں سے نور کی طرف نکالا جائے۔) | ایضاً |
| ۳۔ | ایضاً | ۵۶ | ان اللہ وملٰئکته یصلون علی النبی یایھاالذین امنوا صلو علیه وسلموا تسلیماً (بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی پاک پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو تم بھی ان پر صلوٰة و سلام پڑھو۔) | ایضاً |
| ۴۔ | التوبة | ۹۹ | صلوٰت الرسول (رسول کی دعائیں) | دعا |
| ۵۔ | ایضاً | ۱۰۳ | وصل علیھم ان صلوٰتک سکن لھم (آپ ان کیلئے دعا کریں بے شک آپ کی دعا ان کیلئے تسکین کا سبب ہے۔) | ایضاً |
| ۶۔ | الحج | ۴۰ | لھدمت صوامع وبیع وصلوٰت ومساجد یذکر | |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فیھا اسم اللہ کثیرا (اگر اللہ تعالیٰ ظالموں کو سزا نہ دیتا
(تو صومع 'گرجے' کلیسے اور مسجدیں گرادی جاتیں جن عبادت خانے
میں اللہ کا کثرت سے ذکر کیا جاتا ہے)
لفظ ''الصلوٰۃ'' کا مذکورہ عدد : (۸)

# ملحقہ نمبر ۵

| نمبر شمار | نام سورہ | آیت نمبر | تذکرہ |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | آل عمران | ۴۲ | یٰمریم اقنتی لربک واسجدی وارکعی مع الراکعین (اے مریم اپنے رب کی فرمانبردار ہو جا، سجدہ کر اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کر) |
| ۲۔ | ایضاً | ۱۱۳ | یتلون آیات اللہ اٰناء الیل وھم یسجدون (وہ اللہ کی آیات کی تلاوت کرتے ہیں رات کی گھڑیوں میں اور وہ سجدہ کرتے ہیں۔) |
| ۳۔ | التوبہ | ۱۰۸ | لاتقم فیہ ابداً لمسجد اسس علی التقوی من اول یوم احق ان تقوم فیہ (اے نبی پاک مسجد ضرار میں قیام نہ فرمائیں۔ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے روز سے ہی تقویٰ پر رکھی گئی ہے وہ زیادہ مستحق ہے کہ آپ اس میں نماز کیلئے کھڑے ہوں۔) |
| ۴۔ | ایضاً | ۱۱۲ | التائبون العابدون الحامدون والسائحون الراکعون الساجدون الاٰمرون بالمعروف والناھون عن المنکر (توبہ کرنیوالے 'عبادت کرنے والے' حمد بیان کرنے والے 'روزے رکھنے والے' رکوع کرنے والے' سجدہ کرنے والے' نیکیوں کا حکم دینے والے اور برائیوں سے منع کرنے والے ہیں۔) |
| ۵۔ | الحجر | ۹۸ | فسبح بحمد ربک وکن من الساجدین (اپنے رب کی حمد کی تسبیح پڑھئے اور سجدہ کرنے والوں میں سے ہو جائیے۔) |
| ۶۔ | بنی اسرائیل | ۷۹ | ومن اللیل فتھجد بہ نافلۃ لک (اور رات کو تہجد پڑھئے یہ آپ کے لئے ایک اضافی عبادت ہے۔) |
| ۷۔ | طہٰ | ۱۳۰ | وسبح بحمدربک قبل طلوع الشمس وقبل غروبھاومن اناء ی اللیل فسبح اطراف النھار لعلک ترضی (اپنے رب کی حمد کی |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تسبیح پڑھیے سورج طلوع ہونے سے پہلے اور غروب ہونے سے پہلے۔ اور رات کے وقت بھی اور دن کے کناروں پر بھی تاکہ آپ کو راضی کیا جائے۔)

۸۔ الحج ۷۷ یایھا الذین امنوا ارکعوا واسجدوا واعبدوا ربکم وافعلوا الخیر لعلکم تفلحون (اے ایمان والو! رکوع کرو، سجدے کرو، اپنے رب کی عبادت کرو اور نیکیاں کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔)

۹۔ النور ۳۶ یسبح لہ بالغدو والاصال (مساجد میں) صبح و شام اللہ کی تسبیح پڑھی جاتی ہے۔)

۱۰۔ الفرقان ۵۸ وسبح بحمدہ (اس کی حمد کی تسبیح پڑھیں۔)

۱۱۔ ایضاً ۶۰ واذا قیل لھم اسجدوا للرحمن (اور جب انھیں کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو۔)

۱۲۔ ایضاً ۶۴ والذین یبیتون لربھم سجدا وقیاما (اور وہ لوگ رات اپنے رب کے حضور سجدے اور قیام میں گزارتے ہیں۔)

۱۳۔ روم ۱۷ فسبحٰن اللہ حین تمسون وحین تصبحوان (پس اللہ کی تسبیح پڑھو جب تم شام کرو اور جب صبح کرو۔)

۱۴۔ ایضاً ۱۸ ولہ الحمد فی السمٰوٰت والارض عشیاً وحین تظھرون (اور اس کی تعریفیں ہیں آسمانوں اور زمین میں عشاء کو بھی اور ظہر کے وقت بھی۔)

۱۵۔ الم سجدہ ۱۵ تتجافی جنوبھم عن المضاجع یدعون ربھم خوفا وطمعا ومما رزقنٰھم ینفقون (ان کے پہلو بستروں سے دور رہتے ہیں اور وہ اپنے رب کو خوف اور طمع سے پکارتے ہیں اور ہمارے عطا فرمودہ رزق میں سے خیرات کرتے ہیں۔)

۱۶۔ الاحزاب ۴۲ وسبحوہ بکرۃ واصیلاً (اللہ کی تسبیح پڑھو صبح و شام۔)

۱۷۔ الزمر ۹ امن ھو قانت اناء اللیل ساجدا وقائماً (کیا وہ جو رات کو اللہ کا فرمانبردار بن کر سجدے اور قیام میں رہتا ہے۔)

۱۸۔ مؤمن ۵۵ وسبح بحمد ربک بالعشی والابکار (اور اپنے رب کی حمد کی تسبیح پڑھیں شام اور صبح کو۔)

۱۹۔ حٰم سجدہ ۶ فاستقیموا الیہ واستغفروہ (پس اللہ کی طرف قبلہ رو ہو جائیے اور اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے بخشش مانگیے۔)

۲۰۔ ایضاً ۳۷ لاتسجدوا للشمس ولا للقمر واسجدوا للہ (سورج اور چاند کو سجدہ نہ کرو بلکہ اللہ پاک کو سجدہ کرو۔)

۲۱۔ الفتح ۲۹ تراھم رکعا سجدا (تو انہیں رکوع کرتے اور سجدہ کرتے دیکھے گا۔)

۲۲۔ ق ۳۹ وسبح بحمد ربک قبل طلوع الشمس وقبل الغروب (اپنے رب کی حمد کی تسبیح پڑھیے سورج طلوع ہونے اور غروب ہونے سے پہلے۔)

۲۳۔ ایضاً ۴۰ ومن اللیل فسبحه وادبارا لسجود (اور رات کو اس کی تسبیح پڑھیے اور سجدوں کے بعد)

۲۴۔ الطور ۴۸ وسبح بحمد ربک حین تقوم (اور اپنے رب کی حمد کی تسبیح پڑھیے جب آپ کھڑے ہوں۔)

۲۵۔ ایضاً ۴۹ ومن اللیل فسبحه وادبار النجوم (اور رات میں بھی اس کی تسبیح پڑھیے اور اس وقت بھی جب ستارے پیٹھ پھیریں۔)

۲۶۔ النجم ۶۲ فاسجدوا للہ واعبدوہ (آیت سجدہ) (اللہ کے لئے سجدہ کرو اور عبادت کرو۔)

۲۷۔ الواقعہ ۷۴ فسبح باسم ربک العظیم (اپنے رب عظیم کے نام کی تسبیح پڑھیے۔)

۲۸۔ ایضاً ۹۶ فسبح باسم ربک العظیم (اپنے رب عظیم کے نام کی تسبیح پڑھیے۔)

۲۹۔ القلم ۴۳ وقدکانوایدعون الی السجودوھم سالحون (اور انہیں پہلے سجدے کی دعوت دی جاتی تھی جب وہ تندرست تھے۔)

۳۰۔ الحاقة ۵۲ فسبح باسم ربک العظیم (اپنے رب عظیم کے نام کی تسبیح پڑھیے۔)

۳۱۔ الجن ۱۹ وانه لما قام عبداللہ یدعوہ کادوا یکونون علیه لبدا (اور جب اللہ کا بندہ نماز ادا کرنے کیلئے کھڑا ہوتا ہے تاکہ اس کی عبادت کرے تو قریب ہے کہ وہ سارے اس پر حملہ آور ہو جائیں۔)

۳۲۔ المزمل ۱ یاایھاالمزمل قم اللیل الاقلیلاً (اے کمبل اوڑھنے والے رات کو قیام کیا کرو مگر تھوڑا۔)

۳۳۔ ایضاً ۶ ان ناشئة اللیل ھی اشدوطاء واقوم قیلاً (بے شک رات کا اٹھنا نفس کو کچلتا ہے اور بات کو سیدھا کرتا ہے (نماز تہجد مراد ہے۔)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | |
|---|---|---|
| ۳۴۔ ایضاً | ۲۰ | ان ربک یعلم انک تقوم ادنیٰ من ثلثی اللیل ونصفہ وثلثہ (تیرا رب جانتا ہے کہ تو دو تہائی رات تک ' آدھی رات تک اور تہائی رات تک قیام کرتا ہے۔) |
| ۳۵۔ ایضاً | ۲۰ | فاقرء وا ماتیسر من القرآن (پس قرآن پاک کی اتنی تلاوت کریں جو کہ آسانی سے ہو سکے۔) |
| ۳۶۔ المزمل | ۲۰ | فاقرء وا ماتیسر منہ (پس اتنی سی قرات کریں جتنی کہ آسانی سے ہو سکے۔) |
| ۳۷۔ المدثر | ۳ | وربک فکبر (اور اپنے رب کی تکبیر کہیے۔) |
| ۳۸۔ الدھر | ۲۶ | ومن اللیل فاسجدلہ وسبحہ لیلا طویلاً (اور رات کے وقت اسے سجدہ کرو اور لمبی رات تک اس کی تسبیح پڑھو۔) |
| ۳۹۔ المرسلٰت | ۴۸ | واذا قیل لھم ارکعوا لا یرکعون (اور جب انہیں کہا جاتا ہے کہ رکوع کرو تو رکوع نہیں کرتے۔) |
| ۴۰۔ الاعلیٰ | ۱ | فسبح باسم ربک الاعلیٰ (اپنے اعلیٰ رب کے نام کی تسبیح پڑھیے۔) |
| ۴۱۔ العلق | ۱۹ | واسجد واقترب (اور سجدہ کر اور قرب پا لے (آیت سجدہ) |
| ۴۲۔ النصر | ۳ | فسبح بحمد ربک واستغفرہ (اپنے رب کی حمد کی تسبیح پڑھئے اور اس سے بخشش مانگیے۔) |

حکم والے مقامات : (۲۷)

تذکرے والے مقامات : (۱۷)

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ الاعراف | ۳۱ | یبنی آدم خذوازینتکم عندکل مسجد (اے بنی آدم! ہر نماز کی ادائیگی کے وقت اپنی آرائش یعنی لباس پہن لیا کرو۔) |

نماز کا ذکر : (۱)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# (ملحقہ نمبر ٦)

ان مقامات کی فہرست جہاں عبادت' دعا اور ذکر کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور وہاں سے کنایتاً نماز کا حکم اخذ کیا جا سکتا ہے۔

| نمبر شمار | نام سورہ | آیت نمبر | ارشاد ربانی |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | البقرہ | ۲۱ | یاایھاالناس اعبدوا ربکم (اے لوگ! اپنے رب کی عبادت کرو۔) |
| ۲۔ | ایضاً | ۱۵۲ | فاذکرونی اذکرکم واشکروالی ولا تکفرون (پس میرا ذکر کرو میں تمہارا ذکر کروں گا اور میرا شکرادا کرو اور ناشکری نہ کرو) |
| ۳۔ | ایضاً | ۱۹۸ | فاذکروا اللہ عند مشعرالحرام (مشعر الحرام کے پاس اللہ کا ذکر کرو۔) (مزدلفہ میں جہاں نماز مغرب اور عشاء اکٹھی ادا کی جاتی ہیں) |
| ۴۔ | ایضاً | ۲۳۹ | فاذا امنتم فاذکروا اللہ کما علمکم (پس جب تم امن میں ہو جاؤ تو اللہ کا ذکر کرو جیسے کہ آپ کو سکھایا ہے۔ (صلوٰۃ خوف کے بعد یہ حکم یقیناً نماز ہی کا ہے) |
| ۵۔ | آل عمران | ۴۱ | واذکر ربک کثیرا وسبح بالعشی والابکار (اپنے رب کا کثرت سے ذکر کر اور صبح و شام اس کی تسبیح پڑھ (حضرت زکریاؑ مخاطب ہیں) |
| ۶۔ | الانعام | ۱۰۲ | خالق کل شئی فاعبدوا (وہ ہر شے کا خالق ہے پس اس کی عبادت کرو۔) |
| ۷۔ | الاعراف | ۲۰۵ | واذکرربک فی نفسک تضرعا وخیفة ودون الجھر من القول (اپنے رب کا اپنے دل میں ذکر کریں عاجزی اور خوف کے ساتھ بغیر اونچی آواز نکالے (مفسرین کی رائے کے مطابق یہ دوران نماز قرات کا بیان ہے۔) |
| ۸۔ | ھود | ۱۲۳ | فاعبدہ وتوکل علیہ (پس اس کی عبادت کریں اور اس پر بھروسہ کریں۔) |
| ۹۔ | الرعد | ۳۶ | ان اعبداللہ ((مجھے حکم دیا گیا ہے) کہ میں اللہ کی عبادت کروں۔) |
| ۱۰۔ | الحجر | ۹۹ | واعبد ربک حتی یاتیک الیقین (اپنے رب کی عبادت کریں یہاں تک کہ آپ کو یقین ہو جائے۔) |
| ۱۱۔ | النحل | ۳۶ | ولقد بعثنا فی کل امة رسولا ان اعبدواللہ واجتنبوالطاغوت (اور تحقیق ہم نے ہر امت میں رسول بھیجا تا کہ وہ اللہ کی عبادت کریں اور شیطان سے بچیں) |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | |
|---|---|---|
| ۱۲۔ الکھف | ۲۴ | واذکر ربک اذا نسیت (اور اپنے رب کو یاد کر جب تو بھول جائے۔) (حدیث پاک میں یہاں ذکر سے مراد نماز ہے اور بھولنے سے مراد نماز کا بھولنا ہے اور یاد آنے پر فوراً ادا کرنا ہے۔) |
| ۱۳۔ مریم | ۶۵ | فاعبده واصطبر لعبادته (پس اس کی عبادت کرو اور اس کی عبادت پر پابند رہو۔) |
| ۱۴۔ طٰہ | ۴۲ | ولا تنیافی ذکری (اے موسیٰ اور ہارون) میرے ذکر میں سستی نہ کرنا۔) |
| ۱۵۔ ایضاً | ۱۲۴ | ومن اعرض عن ذکری فان له معیشة ضنکاً ونحشره یوم القیامة اعمی (اور جس آدمی نے میرے ذکر سے منہ موڑا پس اس کے لئے تنگ زندگی ہوگی اور ہم اسے قیامت کے دن اندھا کر کے اٹھائیں گے۔) |
| ۱۶۔ النحل | ۹۱ | انما امرت ان اعبد رب هذه البلدة الذی حرمها (مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں اس حرمت والے شہر (مکہ معظمہ) کے رب کی عبادت کروں۔) |
| ۱۷۔ الزمر | ۲ | فاعبدالله مخلصا له الدین (پس اللہ کی عبادت کر واس کے دین کیلئے مخلص ہو کر۔) |
| ۱۸۔ ایضاً | ۱۱ | انی امرت ان اعبدالله مخلصاله الدین (مجھے تو حکم دیا گیا ہے میں اللہ کی عبادت کروں' اس کے دین کیلئے مخلص ہو کر۔) |
| ۱۹۔ ایضاً | ۱۴ | قل الله اعبد مخلصاً له دینی (آپ فرمادیں کہ میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں میرا دین خالصتاً اسی کیلئے ہے۔) |
| ۲۰۔ ایضاً | ۶۶ | بل الله فاعبد وکن من الشاکرین (بلکہ آپ اللہ کی عبادت کریں اور شکر کرنے والوں میں سے ہو جائیں۔) |
| ۲۱۔ المؤمن | ۶۰ | ان الذین یستکبرون عن عبادتی سیدخلون جهنم داخرین (بے شک وہ لوگ جو ہماری عبادت سے تکبر کرتے ہیں وہ عنقریب جہنم میں ذلیل کر کے داخل کیے جائیں گے۔) |
| ۲۲۔ الزخرف | ۳۶ | ومن یعش عن ذکرالرحمن نقیض له شیطانا فهوله قرین (جو رحمٰن کے ذکر سے منہ موڑے گا ہم اس پر شیطان کو مسلط کر دیں گے پس وہ اس کا ساتھی ہو جائے گا۔) |
| ۲۳۔ الذٰریٰت | ۵۶ | وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون (میں نے انسانوں اور جنوں کو صرف عبادت کیلئے پیدا کیا ہے۔) |

© rasailojaraid.com